01/04/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

گیس

پیٹرولیم و گیس کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ کارخانوں اور ہوٹلوں میں استعمال ہونے والے تجارتی ایل پی جی سلنڈرس کی قیمتیں مارکیٹ کے مطابق طے کی جاتی ہیں اور ان کی قیمتوں پرعموماً ہر ماہ نظرِ ثانی کی جاتی ہے۔ وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ ان کا استعمال ملک میں کُل استعمال ہونے والی ایل پی جی کا 10 فیصد سے بھی کم ہے۔

وزارت کے مطابق آج تجارتی سلنڈرس کی قیمت میں اضافہ سعودی کنٹریکٹ پرائس میں 44 فیصد اضافے کی وجہ سے ہوا ہے۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے عزم کے مطابق گھریلو صارفین کے مفادات کو مکمل طور پر تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ رسوئی گیس سلنڈر کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

موجودہ قیمتوں پر آئل وزارت نے کہا ہے کہ مارکیٹنگ کمپنیاں فی سلنڈر 380 روپے کا نقصان برداشت کر رہی ہیں تاکہ صارفین کو بڑھتی قیمتوں کے اثرات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جمونوکشمیر کی تہذیب اور روحانی ورثہ سب کےلئے ایک تابناک مستقبل یقینی بنانے میں اہم کر دار ادا کرے گا۔ جموں میں شری کیلاش جیوتِش اور ویدک سنستھان ٹرسٹ کے اہتمام سے منعقدہ جموں وکشمیر کلچرل فیسٹول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ یہ فیسٹول تاریخی ورثے، لوک فن اور روحانی بنیادوں اورروایات کو محفوظ رکھنے اور ہماری شناخت کو مضبوط بنانے میں اہم کر دار ادا کرے گا۔ انہوںنے کہا کہ اُبھرتے بھارت کی ذمہ داری ہے کہ علمی معیشت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اختراعات، ثقافتی اقدار اور فلسفانہ فکر کو عالمی سطح پر عام کیا جائے۔

------BYTE-------

ملاقات LG

بھارتیہ جنتا یووا مورچہ جموں کشمیر کے ترجمان ایڈوکیٹ امت شرما نےلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ کل ملاقات کی ہے جس دوران انہوں نے مورچہ کی سرگرمیوں سے متعلق ایل جی کو آگاہی دی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکاری محکموں میں خالی اسامیاں مقررہ مدت میں اور شفاف طریقے سے پُر کی جائیں گی۔ MLA پلوامہ وحید الرحمان پرہ کے ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کل اسمبلی میں کہا ہے کہ ان معاملات کے حوالے سے کسی بھی جلد بازی کا خمیازہ بے روزگار نوجوانوں کو اُٹھانا پڑتا ہے اس لئے سرکار تمام لوازمات کا خیال رکھتے ہوئے ان اسامیوں کو پُر کرے گی۔

-----Byte-----

ایوارڈ

بڈگام ضلع کے واگورہ گرام پنچایت کو دین دیال اُپادھیائے پنچایت سٹیٹ وِکاس پرسکار 2025 زمرہ کے تحت با وقار قومی پنچایت ایوارڈ میں قومی سطح پر تیسرا مقام حاصل ہوا ہے۔

دریں اثناءدیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے واگورا گرام پنچایت بڈگام کو یہ اعزاز حاصل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس اعزاز کو ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔

ڈویژنل کمشنر

کشمیر میں ضروری اشیاءکی بلا تعطل دستیابی کو یقینی بنانے کی خاطر ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سٹاک پوزیشنز کا جائزہ لینے اور سپلائی کے طریقہ کار کو ہموار کرنے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔اس دوران انہوں نے اضلاع اور کمپنیوں کے ذخیرونمینپیٹرولیم مصنوعات اور ایل پی جی کی دستیابی کا جائزہ لیا۔

انہوں نے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ CSC کی خدمات حاصل کرتے ہوئے ایک مقرر ہ مدت کے اندر eKYC کے عمل کی تکمیل یقینی بنائیں۔

زوننگ کی پیشرفت اور کشمیر میں سیلابی طاسوں Plain دریں اثناءڈویژنل کمشنر کشمیر نے فلڈ کا جائزہ لیا ہے ۔ ایک میٹنگ کے دوران ان کو جانکاری دی گئی کہ جموں و کشمیر واٹر ، نوگام اور ہوکرسر کے لیے کوئی Hygamریسورسزریگولیٹری اتھارٹی کو تین آبی پناہ گاہوں ، فائل محکمہ پوشی اور فلڈ کنٹرول KMZاعتراض موصول نہیں ہوا ہے جبکہ ہو کر سر کے لیے کے پاس جمع کرنا زیر التواءہے۔

کرائم برانچ

Tendla کرائم برانچ جموں کشمیر کی جرائم سے متعلق خصوصی ونگ نے ڈوڈہ ضلعے کے تحصیل چلی پنگل کے رہنے والے فرحت عباس ملک نامی ایک شخص کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔

فرحت عباس پر کووڈ 19 کے دوران ایک شخص کو بیرون ملک نوکری دلانے کا جھانسہ دے کر اس سے ایک موٹی رقم اینٹھنے کا الزام ہے۔

گاندربل

روڈ سیفٹی اور طبی خدمات کو فروغ دینے کی غرض سے ایک اہم قدم کے طور پر ڈپٹی کمشنر کے ساتھ تعیناتی کے لیے ایک A گاندربل جتن کشور نے سرینگر رِنگ روڑ فیز دوم اور دوم بنیادی لائف سپورٹ ایمبولنس کا افتتاح کیا ہے ۔ نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا کی طرف سے فراہم کرد ہ ایمبولنس کو رِنگ روڑ پروجیکٹوں کے ساتھ سٹریٹیجک طور پر رکھا جائے گا تاکہ فوری طبی امداد کو یقینی بنایا جا سکے ۔انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد سڑک حادثات اور ہنگامی حالات میں فوری طبی امداد فراہم کرنا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****